## سندھ دشمن عناصر صوبے کا امن خراب کرنے کی گھناؤنی سازش کررہے ہیں، الطاف حسین

## ایم کیوایم اور پیپلز پارٹی اپنے اتحاد سے امن دشمن عناصر کی سازشوں کو ناکام بنادیں گی

## ہم نے نہ پہلے کسی کے آگے سر جھکایا ہے اور نہ اب کسی کے آگے جھکائیں گے

## سندھ بھر کے جانثار کارکنان ان سازشی عناصر سے نبردآزما ہونے کیلئے ذہنی اور جسمانی طور پر تیار رہیں

## رابطہ کمیٹی لندن اور پاکستان کے مشترکہ ہنگامی اجلاس سے ٹیلی فونک گفتگو

لندن۔۔۔8، ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ طاغوتی قوتوں اور خفیہ ہاتھوں کے پے رول پر کام کرنے والے عناصر صوبے سندھ کا امن خراب کرنے کی گھناؤنی سازشوں میں مصروف ہیں لیکن ایم کیوایم اور پیپلز پارٹی اپنے اتحاد سے امن دشمن عناصر کی سازشوں کو ناکام بنادیں گی ہم نے نہ پہلے کسی کے آگے سر جھکایا ہے اور نہ اب کسی کے آگے جھکائیں گے۔ انہوں نے پاکستان بالخصوص سندھ بھر میں ایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنان پر زور دیا کہ وہ ان سازشی عناصر سے نبردآزما ہونے کیلئے ذہنی اور جسمانی طور پر تیار رہیں۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو رات گئے ایم کیوایم رابطہ کمیٹی لندن اور پاکستان کے ارکان کے مشترکہ ہنگامی اجلاس سے ٹیلی فون پر بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ جو عناصر لوکل باڈیز کے نئے اعلان شدہ نظام کے خلاف واویلا مچارہے ہیں وہ دراصل طاغوتی قوتوں اور خفیہ ہاتھوں کی تنخواہ دار ہیں اور صوبے میں امن وامان اور بھائی چارے کی فضا کو سبوتاژ کرنے کی سازشوں میں مصروف ہیں۔ متحدہ قومی موومنٹ اور پیپلز پارٹی کے رہنما، ذمہ داران اور کارکنان ان امن دشمن عناصر کی سازشوں کو اپنے اتحاد سے ناکام بنادیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اے این پی کے بارے میں پاکستان کا بچہ بچہ جانتا ہے کہ اس جماعت کے رہنما اپنے بیرونی آقاؤں سے مالی مفادات حاصل کرکے اپنے ہی عوام کو خاک وخون میں نہلاتے رہے ہیں۔ یہی عناصر اور ان کی جماعت اے این پی آج اسی غلامانہ سسٹم کی وکالت کررہی ہے جو انگریزوں نے برصغیر پر قبضہ کرنے کے بعد اپنے اقتدار کو طول دینے کیلئے نافذ کیا تھا۔ جبکہ دنیا کے تمام مہذب، جمہوریت پسند اور ترقی یافتہ ممالک میں لوکل باڈیز کا نظام رائج ہے، اس نظام کی مخالفت کرنا غریب عوام کو ان کی دہلیز پر انصاف فراہم کرنے کے خلاف جاگیردارانہ ذہنیت کی عکاس ہے۔ لوکل باڈیز سسٹم وقت کی آواز اور پاکستان کے عوام کے دلوں کی دھڑکن ہے۔ اس نظام کے خلاف بات کرنے والے عناصر عوام کے دوست نہیں بلکہ کھلے دشمن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کی قوم پرست جماعتیں جو ہڑتال اور دہشت گردی کی دھمکیاں دے رہی ہیں ہم انہیں باور کرنا چاہتے ہیں کہ حق پرست عوام نہ پہلے اس قسم کی دھمکیوں سے گھبرائے ہیں اور نہ آئندہ گھبرائیں گے۔ جناب الطاف حسین نے پاکستان خصوصاً سندھ بھر کے ایم کیوایم کے ذمہ داروں، جانثار کارکنوں اور ہمدردوں سے کہا کہ اگر طاغوتی قوتوں کے پے رول پر کام کرنے والے قوم پرست صوبے میں قانون شکنی یا امن عامہ کی صورتحال خراب کرنے کی کوشش کریں تو اس سے نبردآزما ہونے کیلئے وہ اپنے آپ کو ذہنی وجسمانی طور پر تیار رکھیں۔ پاکستان بالخصوص سندھ بھر میں ایم کیوایم کے تمام زونوں کے ذمہ داران اور کارکنان ہمت وجرات کا مظاہرہ کریں اور امن دشمن عناصر کی گھناؤنی سازشوں کے خلاف سینہ سپر ہوجائیں۔ جناب الطاف حسین نے ملک بھر کے حق پرست خواتین، نوجوان، بزرگوں، طالبعلموں، تاجروں، صنعتکاروں، محنت کشوں، ملازمت پیشہ افراد ہاری، کسان اور زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد سے اپیل کی کہ وہ لوکل باڈیز سسٹم کے خلاف ہڑتال کو ناکام بنانے کیلئے مثالی اتحاد ویکجہتی کا بھرپور مظاہرہ کریں اور سندھ دشمن عناصر کی جانب سے صوبہ کا امن غارت کرنے کی سازشوں کو ناکام بنادیں۔

## ایم کیوایم کے تحت آج بروز ہفتہ ملک بھر میں ایم کیوایم کے کارکنان کا ہنگامی جنرل ورکرز اجلاس طلب کرلیا گیا ہے

## مرکزی اجلاس لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ہوگا جناب الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔۔8/ستمبر، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام آج بروز ہفتہ 8 ستمبر 2012ء سہ پہر تین بجے ملک بھر میں ایم کیوایم کے کارکنان کا ہنگامی جنرل ورکرز اجلاس طلب کرلیا گیا ہے جس سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین انتہائی اہم ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔ جنرل ورکرز اجلاس کے سلسلے میں مرکزی اجتماع لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ہوگا جبکہ ایم کیوایم کے تمام صوبائی، ضلعی اور زونل دفاتر میں بھی بیک وقت ہنگامی اجلاس ہونگے۔

**سندھ میں بلدیاتی نظام کی بحالی پرصدر آصف زرداری، گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد، وزیراعلیٰ سید قائم علی شاہ، پیپلزپارٹی، ایم کیوایم اوردیگر جماعتوں کے وزراء، ارکان اسمبلی، رہنماؤں، کارکنوں اورسندھ بھر کے عوام کوالطاف حسین کی مبارکباد**

**بلدیاتی نظام کی بحالی سندھ میں عوام کونچلی سطح پراختیارات کی منتقلی، مسائل کے حل،**

**اتحادو بھائی چارے اورہم آہنگی کی جانب ایک اہم قدم ہے۔الطاف حسین**

**تمام حلیف جماعتیں بھی سندھ کےعوام کی بھلائی، انصاف کی فراہمی اورمسائل کاحل گھروں تک پہنچانے کیلئے حکومت کا ساتھ دیں**

**ہم ان کے حقوق کا بھی تحفظ کریں گےاوران کے خدشات بھی دور کئے جائیں گے**

**کراچی نہ صرف سندھ کا حصہ ہے بلکہ سندھ دھرتی کا دارالخلافہ ہے، ہمیں اور ہماری نسلوں کوساتھ رہنا ہےاورملکرسندھ کا قرض چکانا ہے**

**بلدیاتی نظام کے آرڈی ننس کےاجراء کےموقع پرگورنر ہاؤس میں گورنر، وزیراعلیٰ سندھ، ایم کیوایم اورپیپلزپارٹی کے رہنماؤں سے گفتگو**

لندن:۔۔۔7ستمبر2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سندھ میں بلدیاتی نظام کی بحالی پرصدر آصف زرداری، گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ ،پیپلزپارٹی، ایم کیوایم اوردیگر جماعتوں کے وزراء، ارکان اسمبلی، رہنماؤں، کارکنوں اورسندھ بھر کےعوام کومبارکباد پیش کرتے ہوئے کہاہے کہ بلدیاتی نظام کی بحالی سندھ میں عوام کونچلی سطح پراختیارات کی منتقلی، مسائل کےحل اورتمام قومیتوں سےتعلق رکھنے والےسندھ کےعوام کے درمیان اتحادو بھائی چارے اورہم آہنگی کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ انہوں نے یہ بات بلدیاتی نظام کے آرڈی ننس کےاجراء کےموقع پرگورنرہاؤس کراچی میں گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ، ایم کیوایم اورپیپلزپارٹی کے رہنماؤں سے گفتگوکرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے تمام حلیف جماعتوں سے بھی اپیل کی کہ وہ سندھ کےعوام کی بھلائی، مسائل کےحل اورانکے گھروں تک انصاف اورمسائل کاحل پہنچانے کیلئے حکومت سندھ نے جو پالیسی بنائی ہےاس کا ساتھ دیں، ہم ان کے حقوق کا بھی تحفظ کریں گےاوران کے خدشات بھی دور کئے جائیں گے۔ جناب الطاف حسین نے بلدیاتی نظام کے آرڈی ننس کے اجراء پرگورنراوروزیراعلیٰ سندھ سمیت دونوں جماعتوں کے رہنماؤں اورکارکنوں کومبارکباد پیش کی اوروزیراعلیٰ سندھ اوردونوں جماعتوں کے رہنماؤں پرمشتمل کورکمیٹیوں کےارکان کوفرداًفرداً خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ آپ نےعوام کونچلی سطح پراختیارات کی منتقلی کیلئے جس طرح دن رات محنت وجانفشانی سے کام کیاہے وہ نہایت قابل تحسین ہے۔ جناب الطاف حسین نے بلدیاتی نظام کی بحالی پرصدرمملکت آصف زرداری کوخصوصی مبارکباد پیش کی اوراس سلسلے میں ذاتی طورپردلچسپی لینےاورحکومت سندھ کی رہنمائی کرنے پرصدر آصف زرداری کاشکریہ ادا کیا۔انہوں نے دونوں جماعتوں کے رہنماؤں سے کہا کہ میں نے اورصدر آصف زرداری نے ایک دوسرے کا ساتھ نبھانے کی قسم کھائی ہے، آپ سب بھی مثبت سوچ کے ساتھ ملک اورصوبہ سندھ کی بھلائی کیلئے ملکرچلیں اورملکرصوبہ کےعوام کی خدمت کریں۔ کراچی نہ صرف سندھ کا حصہ ہے بلکہ سندھ دھرتی کا دارالخلافہ ہے، ہمیں اور ہماری نسلوں کوساتھ رہنا ہےاورملکرسندھ کا قرض چکانا ہے۔ جومستقل طورپرسندھ میں آباد ہیں اورجن کا جینا مرنا سندھ سے وابستہ ہےان پرزیادہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ جناب الطاف حسین نے دونوں جماعتوں کے رہنماؤں سےمزید کہا کہ آپ ملکرسندھ کوامن کا گہوارہ بنائیں اورصوبہ کےعوام کے بنیادی مسائل حل ہوں، صوبہ میں ایسانظام قائم کریں کہ کسی کے ساتھ زیادتی نہ ہو، سندھ سے جرائم کا خاتمہ ہو، قانون کا اطلاق سب پرہواور جوبھی قانون توڑےاس کےخلاف سیاسی وابستگی سے بالاترہوکرکارروائی ہو۔انہوں نے بلدیاتی آرڈی ننس کی تیاری میں حصہ لینے والےصوبائی وزراء پیرمظہرالحق، آغا سراج درانی، شرجیل میمن، سید سرداراحمد، ڈاکٹرفاروق ستار، رضاہارون، کنورنوید، بیرسٹرڈاکٹرفروغ نسیم ،ڈاکٹرصغیر، وسیم آفتاب، واسع جلیل کوبھی خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پرگورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ، پیپلزپارٹی کے رہنمااویس مظفر، آغا سراج درانی، شرجیل میمن، سید سرداراحمد، جاورڈاکٹر فاروق ستارنے بھی جناب الطاف حسین سے گفتگوکی اورانہیں مبارکباد پیش کی۔

## سندھ میں بلدیاتی نظام کا نفاذ سندھ اور سندھ کے عوام کے مفاد میں ہے۔وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ

## سندھ کی ترقی،عوام کے مسائل کے حل اور صوبہ میں امن وہم آہنگی کیلئے ہم سب کو ساتھ لیکر چلیں گے

## صدر آصف زرداری اور آپ کے وژن کے تحت عوام کوانکے گھروں تک مسائل کا حل پہنچانے کیلئے دن رات ملکر کام کررہے ہیں

## پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ کسی جمہوری حکومت نے بلدیاتی نظام کا قانون بنایا ہے،یہ جمہوریت کی فتح ہے۔گورنر ڈاکٹر عشرت العباد

## جمہوریت کے فروغ،سندھ کی ترقی اور عوام کے مسائل کے حل کیلئے ہم سب ساتھ ہیں،ساتھ ہیں اور ساتھ چلیں گے۔آغا سراج درانی

## گورنر ہاؤس میں گورنر،وزیراعلیٰ سندھ،پیپلز پارٹی کے رہنماؤں کی ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین سے فون پر گفتگو

کراچی۔۔۔7 ستمبر 2012ء

وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ نے کہا ہے کہ سندھ میں بلدیاتی نظام کا نفاذ سندھ اور سندھ کے عوام کے مفاد میں ہے،ان کی بھلائی کیلئے ہے،ہم اس نظام کے نفاذ پر سندھ کے تمام رہنماؤں اور عوام کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔انہوں نے یہ بات گورنر ہاؤس میں ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین سے فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔وزیراعلیٰ سندھ نے بلدیاتی نظام کے آرڈی ننس کے نفاذ پر جناب الطاف حسین کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ صدر پاکستان آصف علی زرداری اور آپ نے صوبہ کے عوام کی خدمت اور مسائل کے حل کیلئے جو وژن دیا ہے،ہم اس کے تحت عوام کو ان کے گھروں تک مسائل کا حل پہنچانے کیلئے دن رات ملکر کام کررہے ہیں اور انشاء اللہ ہم ملکر عوام کی خدمت کرتے رہیں گے اور سندھ کی ترقی،عوام کے مسائل کے حل اور صوبہ میں امن وہم آہنگی کے لئے ہم سب کو ساتھ لیکر چلیں گے۔جناب الطاف حسین نے ضعیف العمری کے باوجود بلدیاتی نظام کی بحالی میں خصوصی طور پر کوششیں کرنے پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ میں اور میرے تمام ساتھی آپ کی محنت اور جدوجہد کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے انہیں بلدیاتی نظام کے نفاذ پر مبارکباد پیش کی اور کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ کسی عوامی جمہوری حکومت نے بلدیاتی نظام کا قانون بنایا ہے،یہ جمہوریت کی فتح ہے جس پر صدر مملکت آصف زرداری،پیپلز پارٹی،ایم کیو ایم کی قیادت اور تمام جمہوریت پسند قوتیں مبارکباد کی مستحق ہیں۔گورنر سندھ نے مزید کہا کہ عوام کو اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی کیلئے بلدیاتی نظام کا نفاذ کرکے صوبہ سندھ نے پہل کی ہے جس پر سندھ کے تمام عوام کو فخر ہے۔سندھ کے وزیر بلدیات آغا سراج درانی نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے انہیں بلدیاتی نظام کے نفاذ پر مبارکباد پیش کی اور کہا کہ ہم صدر مملکت آصف علی زرداری اور آپ کے وژن کے تحت سندھ کو ترقی وخوشحالی دینے کی پوری کوششیں کررہے ہیں۔انہوں نے بلدیاتی نظام کی تیاری میں گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ کی کوششوں کی تعریف کی اور جناب الطاف حسین کو یقین دلاتے ہوئے کہا کہ جمہوریت کے فروغ،سندھ کی ترقی اور عوام کے مسائل کے حل کیلئے ہم سب ساتھ ہیں،ساتھ ہیں اور ساتھ چلیں گے۔اس موقع پر پیپلز پارٹی کے رہنما اویس مظفر اور صوبائی وزیر شرجیل میمن نے بھی جناب الطاف حسین سے گفتگو کی اور انہیں بلدیاتی نظام کے نفاذ پر مبارکباد پیش کی۔

## پاکستانی ٹیم نے ٹی ٹوئنٹی کی سیریز میں شاندار فتح حاصل کرکے قوم کا سر فخر سے بلند کردیا ہے،الطاف حسین

## کپتان سمیت ایک ایک کھلاڑی اور پوری قوم کو شاندار فتح پر جناب الطاف حسین کی مبارکباد

لندن:۔۔۔08ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے متحدہ عرب امارت میں منعقدہ ٹی ٹوئنٹی سیریز میں آسٹریلیا کے خلاف پاکستان کی شاندار فتح اور کھلاڑیوں کی عمدہ پرفارمنس پر پاکستانی ٹیم کے ایک ایک کھلاڑی اور پوری قوم کو مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ پاکستانی کھلاڑیوں نے بہترین ٹیم ورک اور اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے جس طرح پاکستان کو فتح سے ہمکنار کیا ہے اس نے پوری پاکستانی قوم کا سر فخر سے بلند کردیا ہے۔جناب الطاف حسین نے کپتان سمیت تمام کھلاڑیوں کو جیت کی مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ آئندہ بھی ایسی ہی کارکردگی کا مظاہرہ کرکے قوم کا سر فخر سے بلند کرتے رہیں گے۔

## ایم کیوایم نیوکراچی کے کارکن فرید کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

کراچی:۔۔۔۔07 ستمبر 2012

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین نے نیوکراچی سیکٹر، یونٹ 139 کے کارکن محمد فرید کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

## بجلی کے بلوں کی عدم ادائیگی پر 122 اسکولوں کی بجلی منقطع کرنا تعلیم دشمن اقدام ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔7،ستمبر 2012ء

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کی جانب سے بجلی کے بلوں کی عدم ادائیگی پر 122 اسکولوں کی بجلی منقطع کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے کے ای ایس سی کے احساس سے عاری افراد کی کارروائی اور تعلیم دشمن اقدام قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کے ای ایس سی اور اس کی انتظامیہ ایک جانب تو شہریوں کو لوڈ شیڈنگ کے بغیر بجلی کی تسلسل کے ساتھ فراہمی میں بری طرح سے ناکام ہوچکی ہے اور آئے دن اس کی تنصیبات خرابی کا شکار رہتی ہیں جن کا کوئی پرسان حال نہیں، جبکہ دوسری جانب صرف بجلی کے بلوں کی عدم ادائیگی پر درسگاہوں کی بجلی منقطع کرنے کے عمل کو کوئی بھی ذی شعور شخص جائز اور مثبت اقدام قرار نہیں دے سکتا۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ درسگاہوں کی بجلی منقطع کئے جانے کے سبب طلباء کی تعلیم بری طرح متاثر ہورہی ہیں، گرمی وحبس کے موسم میں طلباء شدید ذہنی تناؤ کا شکار ہوکر رہ گئے ہیں۔کے ای ایس سی کی مجرمانہ غفلت اور لاپروائی کے سبب شہر کی معاشی، صنعتی اور تجارتی ترقی اور شہریوں کا روزگار پہلے ہی داؤ پر لگ چکا ہے اور اب کے ای ایس سی قوم کے معماروں کا مستقبل تباہ کرنے پر تل گئی ہے اور اس کی کارروائی کے سبب ہزاروں طلباء کا مستقبل داؤ پر لگ چکا ہے۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور وزیر تعلیم پیر مظہر الحق سے پرزور مطالبہ کیا کہ کے ای ایس سی کی جانب سے بجلی بلوں کی عدم ادائیگی پر 122 اسکولوں کی بجلی منقطع کرنے کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور تمام اسکولوں کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کیلئے مثبت اور ٹھوس اقدامات بروئے کار لائے جائیں انہوں نے حکومت سندھ سے بھی مطالبہ کیا کہ وہ اسکولوں کے واجبات کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنائے تاکہ طلباء کو پریشانیوں سے بچایا جاسکے۔

## ممتاز ذاکرہ اور انٹرنیشنل بخاری ریلیف فاؤنڈیشن کی چیئرپرسن محترمہ خانم طیبہ بخاری کا نائن زیرو وعزیز آباد کا دورہ
## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن رضا ہارون سے ملاقات
## جناب الطاف حسین نے اتحاد بین المسلمین کا عملی مظاہرہ کرکے تمام مکاتب فکر کے ماننے والوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کیا، خانم طیبہ بخاری
## ایم کیوایم تمام مذاہب کے ماننے والوں کا نہ صرف احترام کرتی ہے بلکہ فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے کوشاں ہے، رضا ہارون

کراچی۔۔7 ستمبر 2012ء

ممتاز ذاکرہ اور انٹرنیشنل بخاری ریلیف فاؤنڈیشن کی چیئرپرسن محترمہ خانم طیبہ بخاری نے جمعہ کے روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو وعزیز آباد کا دورہ کیا اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن رضا ہارون سے ملاقات کی۔اس موقع پر حق پرست ارکان اسمبلی خواجہ سہیل، ہیر سوہو، مسرت وارثی، ناہید بیگم، شہناز بیگم اور صابرہ بیگم بھی موجود تھیں۔خانم طیبہ بخاری نے رضا ہارون سے گفتگو کرتے ہوئے اتحاد بین المسلمین کانفرنس کے انعقاد پر انہیں مبارکباد پیش کی اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی پر جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے پاکستان میں اہل تشیع افراد کے بہیمانہ قتل عام پر جس طرح جراتمندانہ موقف اختیار کیا اور اہل تشیع افراد کے حق میں آواز بلند کی ہے اس پر اہل تشیع افراد ان کے احسان مند رہیں گے۔رضا ہارون نے محترمہ خانم طیبہ بخاری کا نائن زیرو آمد پر شکر ادا کیا اور ان کی اتحاد بین المسلمین کے حوالے سے کردار کی تعریف کی اور کہا کہ ایم کیوایم تمام مذاہب کے ماننے والوں کا نہ صرف احترام کرتی ہے بلکہ فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے کوشاں ہے۔

## ایم کیوایم سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی:۔۔۔۔07 ستمبر 2012

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ C-133 کے کارکن فہیم احمد صدیقی کے والد ابرار حسین صدیقی اور شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 109 کے کارکن شکیل علی کے والد ممتاز احمد کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

## 7 ستمبر پاک فضائیہ کے شاہینوں کی جرات وبہادری کی یاد دلاتا ہے، افتخار اکبر رندھاوا
## متحدہ قومی موومنٹ کے وفد کی پاک افواج کی شہداء یادگار پر حاضری
## قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی

ملتان۔۔۔۔7 ستمبر، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے 7 ستمبر ''یوم فضائیہ'' کے موقع پر پاک فضائیہ کے شاہینوں کوخراج عقیدت پیش کرنے کیلئے ملتان چھاؤنی میں موجود پاک افواج کی شہداء یادگار پر حاضری دی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی ،اس موقع پر انکے ہمراہ ایم کیوایم ملتان زونل کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عمران اعظم گاڈی،ارکان زونل کمیٹی علی عمران سہروردی، جاوید حیدر، ڈسٹرکٹ انچارج ملتان شفیق بھٹی، جوائنٹ انچارج ملتان کرامت علی شیخ، ڈسٹرکٹ وٹاؤنز کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔افتخار اکبر رندھاوا نے اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 7 ستمبر پاک فضائیہ کے شاہینوں کی جرات وبہادری کی یاد دلاتا ہے۔آج کے دن پاکستانی شاہینوں نے اپنی اڑانوں کا اس بہادری سے مظاہرہ کیا کہ جو تاریخ میں سنہرا باب رقم کرگیا۔انہوں نے مزید کہا کہ عالمی تناظر میں پاک فضائیہ کے کارنامے کا وہ دن آج بھی انوکھا اور منفرد دن تصور کیا جاتا ہے۔اس موقع پر شہداء یادگار پر ملک وقوم کی سلامتی، عالم اسلام کی بقاء وسالمیت اور قائد تحریک کی درازی عمر کیلئے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

## پاکستانی بنگالیز ایکشن کمیٹی کے وفد کی ایم کیوایم کے ارکان رابطہ کمیٹی سے ملاقات
## لاکھوں بنگالی قائد تحریک الطاف حسین کی حق پرستانہ جدوجہد میں انکے شانہ بشانہ ہیں، وفد
## وفد نے ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کو 9 ستمبر، 2012 بروز اتوار اپنے جنرل ورکرز کنونشن میں شرکت کی دعوت دی

کراچی۔۔۔۔7 ستمبر، 2012ء

پاکستانی بنگالیز ایکشن کمیٹی کے 21 رکنی وفد نے متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان رابطہ کمیٹی نیک محمد اور کیف الوریٰ سے خورشید بیگم سیکریٹریٹ، عزیز آباد میں ملاقات کی۔ملاقات میں وفد کے ارکان نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور بالخصوص کراچی شہر میں کم وبیش 132 بستیوں میں 25 لاکھ سے زائد محبّ الوطن خاندان افراد آباد ہیں جو پاکستان کی خوشحالی اور ترقی میں اپنا فعال کردار ادا کررہے ہیں، رابطہ کمیٹی کو بنگالیوں کے حوالے سے درپیش مسائل سے آگاہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شناختی کارڈ، پاسپورٹ اور دیگر ضروری قانونی دستاویزات کے حصول میں انہیں بے پناہ مشکلات اور رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔وفد نے قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ قائد تحریک الطاف حسین کی حق پرستانہ جدوجہد میں انکے شانہ بشانہ ہیں۔علاوہ ازیں وفد نے ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کو 9 ستمبر 2012ء بروز اتوار کو اپنے جنرل ورکرز کنونشن میں شرکت کی دعوت دی۔پاکستانی بنگالیز ایکشن کمیٹی کے وفد میں چیئرمین شیخ محمد فیروز، وائس چیئرمین محمد یونس غازی، وائس چیئرمین نور وملا، جنرل سیکریٹری ماسٹر غیاث الدین، جوائنٹ سیکریٹری محمد لائق میاں، سیکریٹری فنانس نور عالم، جوائنٹ سیکریٹری نور عالم سلطانی، حاجی عبدالرزاق ابراہیم، نورجو، ماسٹر محمد اسلام، مولوی احمد حسین، محمد عامر، محمد موسیٰ، جہانگیر، عمران، محمد یوسف، عثمان اور دیگر شامل تھے۔

☆☆☆☆☆